الجامعة البنوریة العالمیة

متصل سائٹ تھانہ - پی او بکس نمبر ۱۰۶۹۸ کراچی پاکستان

دار الافتاء والقضاء

ای میل: darulifta@gmail.com ویب سائٹ: www.jamiabinoria.net فون: 2560300-2560400 فیکس: 2564586


MODE: **Regular**

| | | | |
|---|---|---|---|
| Name : | **M.Faeooq Shareef** | Serial No : | **13159** |
| Address : | **pakistan pakistani karachi** | Date : | **8/16/2011** |
| Subject : | **SHIRK** | Contact No : | |
| Writer : | منظور الٰہی | Email : | |

As salaam walay kum mufti saab
mera naam M.Farooq Shareef hai aur mere kuch sawalaat hain,
mera phela ye hai k,kya Islaam main Quam parsti hai ya nai ? agar koi Quam apne Mulk main ya apne Hilakay main koi qorsi Qumo ko nai chortay hain aur agar ah jahai tow houne jaan se maar dhete hain kya ye sahe hai ? Quam parasti k bharay main Hadees se b kuch wazahat kar k bata dhe,aur mera 2nd sawal Balochistan main Baloch Quam apne Haq aur huqook k liye lar rahain hain,kya ye sahe hai ya nai ? aur Balochistan main jo foji aur fc walay hain ? ye be gunna BAloch student's ko gahib kar k maar rahain hain aur koi Baloch Apne haq k iye awaz utha tha hai tow housse jaan se maar dhete hain foji ? kya ye Balochistan main jo kuch kar rahe hai foj aur fc kya ye sahe hai ya galat ? aur ye baat sahe hai k Pakistani Foj,Police,Army,Rangers wajib bul khatal hai ya nai ? Mene souna hai k LAL MASJID hamlay k baad Fatwa jari howa hai k Pakistani,FOj,Police,Rangers aur Army wagaira wajib bul khatal hain ? Aur mera 3rd sawal k Afghanistan main jehad,Jehad ul heen hai ? aur agar koi shaks Ghar main Maa,Baap ko Bagair bata hai Afghanistan main chala gaya Jehad k liye aur wahan shaheed ho gaya ? kya ye shaks shaheedo main shomaar hoga ya nai ? kya es shaks ki shahadat kabol hogi ya nai ?? aur Last sawaal Deen k mamlay main bees bazi ho raha tha tow eak Muslim shaks ne Pakistan k saray Mufti,Ulma,Mujahedeen ko galat kharar diya aur Mufti,Hulma aur Mujahedeen k bharay main buray buray alfaaz estamaal kiye ? aur jazbaat main ah kar hous shaks ne apne aap ko khafir khe diya ? Hous shaks ne kaha k han han Main Khafir hou,aur ye namaz b parta hai kya es shaks ki namaaz kabbo hogi ya nai,tow es shaks k bharay main aur mere saray sawalo k bharay main aap hazraat Mufti saab kya khete hain ? HADEES AUR QURAN KA B HAWALA DHE KAR WAZAHAT KARAY,SALAAM WALAY KUM

السلام علیکم!

1- کیا اسلام میں قوم پرستی ہے یا نہیں اگر کوئی قوم اپنے ملک میں یا اپنے علاقہ میں کسی دوسری قوم کو نہیں چھوڑتی اور اگر وہ آجائیں تو انھیں جان سے مار دیتے ہیں کیا یہ صحیح ہے؟ قوم پرستی کے بارے میں حدیث سے بھی کچھ وضاحت کرکے بتادیں۔

2- بلوچستان میں بلوچ قوم اپنے حقوق کیلئے لڑ رہے ہیں کیا یہ صحیح ہے یا نہیں؟ اور بلوچستان میں فوج اور ایف سی بے گناہ بلوچ سٹوڈنٹ کو غائب کرکے مار رہے ہیں اور کوئی بلوچ اپنے حق کیلئے آواز اٹھاتا ہے تو اسے جان سے مار دیتے ہیں کیا یہ بلوچستان میں جو کچھ فوج اور ایف سی کر رہے ہیں کیا یہ صحیح ہے یا غلط؟ اور یہ بات صحیح ہے کہ فوج، پولیس، آرمی اور رینجر والے واجب القتل ہیں یا نہیں میں نے سنا ہے کہ لال مسجد حملے کے بعد فتوی جاری ہوا ہے کہ یہ لوگ واجب القتل ہیں۔

3- کیا افغانستان میں جہاد ہے؟ اور اگر کوئی شخص گھر میں ماں باپ کو بتائے بغیر افغانستان میں چلا گیا جہاد کیلئے اور وہاں شہید ہوگیا کیا یہ شخص شہیدوں میں شمار ہوگا یا نہیں کیا اس شخص کی شہادت قبول ہوگی یا نہیں؟

4- دین کے بارے میں بحث ہو رہی تھی تو ایک مسلم نے پاکستان کے سارے مفتی، علماء، مجاہدین کو غلط

قرار دیا اور ان کے بارے میں برے برے الفاظ استعمال کیئے اور جذبات میں آکر اس شخص نے اپنے آپکو کافر کہہ دیا اس شخص نے کہا ہاں میں کافر ہوں اور نماز بھی پڑھتا ہے تو ایسے شخص کی نماز قبول ہوگی یا نہیں تو اس شخص کے بارے میں اور میرے سارے سوالوں کے بارے مفتی صاحب کیا کہتے ہیں۔

الجواب ـــــ حامداً و مصلیاً

۱- قوم پرستی (قوم کا ساتھ دینا) اگر اظہار دین کیلئے ہو یا دین اسلام کی سربلندی کیلئے اور حق کا ساتھ دینے کیلئے ہو تو جائز اور درست ہے اور اگر قوم پرستی محض اہل قبیلہ و اہل وطن ہونے کی وجہ سے یا لسانیت کی بنیاد پر کسی ناحق بات یا فساد کیلئے ہو تو یہ سراسر باطل اور ناجائز ہے اور احادیث مبارکہ میں اسکے بارے میں بہت مذمت بیان کی گئی ہے لہذا اس سے احتراز لازم ہے۔

كما في المرقاة: وانما يغضب لعصبية لا لنصرة الدين، والعصبية إعانة قومه على الظلم (...الخ) وأن من قاتل تعصبا لا لإظهار دين ولا لإعلاء كلمة الله وإن كان المغضوب له محقا كان على الباطل (٧/٢٥١)۔

۲- اگر واقعی مذکورہ صورت حال ہو تو کسی بھی ملک میں ایسا ہو جانا ملکی سلامتی کیلئے بہت نقصان دہ ہے مقتدر قوتوں کو دانشمندی کیساتھ اس معاملہ کو سلجھانا چاہیئے جبکہ بلوچستان قضیہ سے متعلق ہمیں پوری معلومات بھی نہیں۔ اسلیئے بہتر یہ ہے کہ دیگر اہل علم یا سپریم کورٹ وغیرہ سے رابطہ کیا جائے۔

۳- اگرچہ کسی بھی مقام پر جہاد شرعی میں شرکت کیلئے غیر متعلقہ علاقوں سے آنے والوں کو والدین کی اجازت سے ہی شرکت کرنی چاہیئے تاکہ انہیں دوہرا اجر ملے۔ تاہم اگر کوئی شخص بلا اجازت بھی صحیح نیت سے شریک جہاد ہو کر جام شہادت نوش فرمائے تو اس کی شہادت پر کلام کرنا درست نہیں۔ اس سے احتراز کرنا چاہیئے۔ جبکہ آئندہ کیلئے اس طرح بلا اجازت جانے سے بھی احتراز چاہیئے۔

وفي الشامية: وفي بعض الروايات لا يخرج إلى الجهاد إلا بإذنهما ولو أذن احدهما فقط لا ينبغي له الخروج لأن مراعاة حقهما فرض عين والجهاد فرض كفاية (٤٠٨/١٢٢)

۴- اگرچہ تمام علماء و مجاہدین کو غلط کہنا بری بات ہے تاہم ان سے علماء و مجاہدین کو غلط قرار دینے کی وجہ پوچھ کر دیکھ دی جائے تو اس پر غور کیا جا سکتا ہے جبکہ کسی مسلمان کے اپنے آپ کو کافر کہہ دینے اور اپنے کفر کا اقرار کرنے سے وہ شخص کافر ہو جاتا ہے اسلیئے مذکورہ شخص کو چاہیئے کہ بصدق دل توبہ و استغفار کرے اور کسی کے اختلاف اور ضد میں اپنا ایمان برباد نہ کرے۔

وفي الهندية: ويخاف عليه الكفر اذا شتم

(بقیہ منسلکہ پر)

عالما أو فقيها من غير سبب الخ (٢/٢٧٠)۔

وفي الشامية: إذا أطلق الرجل كلمة الكفر عمدا لكنه لم يعتقد الكفر قال بعض أصحابنا: لا يكفر لأن الكفر يتعلق بالضمير ولم يعقد الضمير على الكفر وقال بعضهم يكفر وهو الصحيح عندي لأنه استخف بدينه الخ (٤/٢٢٤)۔ والله سبحانه تعالیٰ أعلم

منظور الرحمن عفی عنہ
دار الافتاء جامعہ بنوریہ کراچی
١٠/ صفر المظفر ١٤٣٣ھ

الجواب صحیح
[illegible]
دار الافتاء جامعہ بنوریہ
١٠/ صفر المظفر ١٤٣٣ھ

الجواب صحیح
عبد الشکور [illegible]
دار الافتاء جامعہ بنوریہ
١١/ صفر ١٤٣٣ھ

رئیس
دار الافتاء جامعہ بنوریہ العالمیہ

رئیس
دار الافتاء جامعہ بنوریہ العالمیہ

دار الافتاء
١٣١٥٩
١٣-٢-١٤٣٣ھ
جامعہ بنوریہ العالمیہ سائٹ کراچی

[illegible]
9/1/12